سوال

(79) نبی اکرم ﷺ نے خطبہ جمع میں خاموشی اختیار کرنے کے متعلق   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نبی اکرم ﷺ نے خطبہ جمع میں خاموشی اختیار کرنے کے متعلق نہایت تاکید فرمائی ہے۔ ازراہِ نوازش آپ بیان فرمادیں کہ انسان پنکھا کا استعمال دوران خطبہ میں کرسکتا ہے یا نہیں؟ کیوں کہ ایک صاحب اس پر مصر ہے کہ خطبہ میں پنکھے کا استعمال قطعاً ناجائز ہے کیوں کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے اِذَا قُلْت لصاحبک اَنْصِتْ فَقَدْ لَغَوْتَ۔ دوسرے صاحب فرماتے ہیں کہ یہ گفتگو کے متعلق ہے۔ پنکھا وغیرہ اس سے خارج ہے جواب مدلل تحریر فرمادیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اپنی جسمانی راحت کے لیے خطبہ میں ایسی حرکت منع نہیں جس سے سماع میں خلل واقع نہ ہو، جیسے نماز میں صحابہ کرام شدت گرمی کے باعث کنکریاں لے کر ماتھے کے نیچے رکھ لیا کرتے تھے۔ واللہ اعلم (فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۵۵۸)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 04 ص 162

محدث فتویٰ